سوال

(749) حضرت موسیٰ اور حضرت ابراہیم علیہما السلام کو صلی اللہ علیہ وسلم کہہ سکتے ہیں

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا حضرت موسیٰ اور حضرت ابراہیم علیہما السلام کو صلی اللہ علیہ وسلم کہہ سکتے ہیں اور ان کے علاوہ دوسرے رسولوں کو بھی قرآن وحدیث کی رو سے واضح کریں ؟ حافظ عبدالرحمن طاہر خطیب سرگودھا 22/1/94

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

صحیح مسلم کتاب الایمان نزول مسیح کی احادیث میں ایک حدیث کے اندر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے خود عیسیٰ کے متعلقصلی اللہ علیہ وسلم کے لفظ استعمال فرمائے ہیں پھر بخاری اور نووی وغیرہما دوسرے پیغمبروں کے ساتھ صلی اللہ علیہ وسلم استعمال کرتے ہیں۔ واللہ اعلم ۱۳/۸/۱۴۱۴ھ

[قرآن وحدیث کی روشنی میں احکام ومسائل]

جلد01ص487

محدث فتویٰ